Urdu - 10th Class Urdu Short Questions Preparation

Q1. اجالے اندھیرے اور خشک وترکس کے مظاہر ہیں

Ans 1: اس زمین پر پائی جانے والی دوسیری نعمتوں کی طرھ اجالے اندھٰرے خشک اور ترسب اللہ تعالی کے مظاہر ہیں

Q2. خاکہ سے کیا مراد ہے

Ans 1: کسی شخص کی زندگی کے کچھ پہلوؤں کو اس طرح نمایاں کرنا کہ اس کا تعارف بھی ہو جائے مگر وہ اس کا سوانح نہ ہو خاکہ کہلاتا ہے عام طور پر خاکہ میں کسی شخص کے افکارو کردار خوبیوں اور خامیوں پر روشنی ڈالی جاتی ہے

Q3. لوگ کہانی کی مختصر تعریف کیجے

Ans 1: ایسی خیالی اور تصوراتی کہانی جسے کسی کے قلم نے تحریر تو نہ کیا ہو لیکن نسل درنسل سفر کرتی ہوئی سینہ بہ سینہ منتقل ہو لوک کہانی کہلاتی ہے یہ کہانیاں دنیا کی ہرادبی زبان کا حصہ ہیں

Q4. نکیل پکڑنے سے شاعر کی کیا مراد ہے

Ans 1: نکیل پکڑنے سے شاعر کی مراد ہے آونٹ کی شادی کے بندھن میں باندھنا.

Q5. ادا جعفری کی شامل نصاسب غزل ان کے کس مجموعہ سے لی گئی ہے

Ans 1: ادا جعفری کی شامل نصاب غزل ان کے مجموعہ غزالاں تم تو واقف ہو سے لی گئی ہے

Q6. غزل کے مطلع میں ادا جعفری کس بات پر نازاں ہے

Ans 1: غزل کے مطلع میں ادا جعفری اس بات پر نازاں ہے کہ اسے اپنے محبوب کے ساتھ دو چار قدم چلنے کا موقع ملا ہے

Q7. علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے

Ans 1: علم کی روشنی کو پھلا کر اور اسلام کی صحیح تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ہم علم کی طاقت سے بندوق کو شکست دے سکتے ہیں

Q8. سیدانی بی ن جواہرات کیا سمج کر پھینک ڈالے

Ans 1: سیدانی بی نے جواہرات کنکر پتھر سمجھ کر پھینک ڈالے

Q9. "جھیل گے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا" اس مصرعے کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: اس کا مفہوم ہے کہ پاکستان بناتے وقت مسلمانوں نے بہت سے دکھ اور مصیبتیں جھیلی تھیں- اب جب کہ پاکستان معرض وجود میں آچکا ہے تو ہمارا فرض ہے کہ ہم پاکستان کی خوشحال بنانے اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنےمیں اپنا کردار ادا کریں

Q10. ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں

Ans 1: شاعر کے نزدیک عقل وشعور یعنی ہوش اور دیوانگی یعنی بے خودی اور عشق مل جائیں تو اس دنیا کے تمام کام سنور جاتے ہیں کیونکہ عشق سے طاقت ملتی ہے اور ہوش سے عمل ہوتا ہے